# کیا آپ کو ایک معجزہ کی ضرورت ہے؟



## مزید مطالعہ کے لیے







مزید مطالعہ کے لیے مزید معلومات کے لیے QR کوڈ اسکین کریں۔

## آئیں اپنا معجزہ تلاش کریں

آپ کسی بھی بحران کا سامنا کر رہے ہوں، بائبل میں صرف آپ کے لیے ایک معجزاتی کہانی ہے:

۱۔ کیا آپ یا آپ کے کوئی عزیز بیمار ہیں؟ جذام میں مبتلا شامی سپہ سالار نعمان کی معجزانہ شفا کے بارے میں پڑھیں۔

- کیا آپ اپنے خاندان کی کفالت کرنے کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں؟ لبنانی بیوہ اور اس کے بیٹے کے بارے میں پڑھیں، جو تیل کے ایک چھوٹے سے مرتبان اور مٹھی بھر آٹے پرجو کبھی ختم نہ ہوا، ایک طویل قحط سے بچ گئے۔
- کیا آپ کی جان خطرے میں ہے؟ بادشاہ کے محل میں ایتھوپیا کے ایک غلام، ایبد میلک کے بارے میں پڑھیں، جس کی جان خدا پر ایمان کی وجہ سے جنگ کے وقت بچ گئی تھی۔
- کیا آپ کو ایسا لگتا ہے جیسے آپ کو مسترد کر دیا گیا ہے؟ حضرت ہاجرہ مصری کے بارے میں پڑھیں، جس نے اللہ کے معجزات دیکھے جب اسے رد کر دیا گیا تھا۔
- کیا آپ زندگی کی پریشانیوں کے نیچے ڈوبے جا رہے ہیں؟ اس واقعہ کے بارے میں پڑھیں جب عیسیٰ المسیح نے اپنا ہاتھ بڑھایا اور اپنے شاگردوں کو جہاز کی تباہی سے بچانے کے لیے ایک زبردست طوفان کو تھما دیا اور سکون ہو گیا۔

## معجزاتی جوابات

جیسا کہ ہم بائبل پڑھتے ہیں، ہم مثبت توقع کے ساتھ دعا کرنے کے لیے اعتماد سے بھر جاتے ہیں۔ یسوع مسیح نے کہا، ”جو کچھ تم ایمان کے ساتھ دعا میں مانگو گے، تمہیں ملے گا“ (متی ۲۱:۲۲)۔ جب ہم دوسروں کی کہانیاں پڑھتے ہیں جنہوں نے خُداوند سے معجزات حاصل کیے، تو ہمارے دل اُمید کے ساتھ متحرک ہوتے ہیں کہ اپنی مناجات کو آسمان کی جانب اٹھائیں۔

کیا آپ کو ایک معجزہ کی ضرورت ہے؟ بائبل میں موجود معجزات سے متاثر ہوں اوراپنے ایک انفرادی کیلئے خدا سے کہیں۔ وہ یقیناً آج آپ کی دعا سنیں گے!

اگر آپ بائبل میں معجزات کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں، تو براہ مہربانی اس کاغذ کی پشت پر دی گئی معلومات پر ہم سے رابطہ کریں۔

.Copyright © 2023 by Sharing Hope Publications
غیر تجارتی مقاصد کے لیے بغیر اجازت کے کام پرنٹ اور شیئر کیا جا سکتا ہے۔
حوالہ جات مقدس بائبل کے نظرثانی شدہ ترجمہ سے لئے گئے ہیں۔ حق اشاعت © ۱۹۷۰، ۲۰۱۰ پاکستان بائبل سوسائٹی کی اجازت سے استعمال کیا گیا۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔

خاندان کے افراد کا ایک بہت بڑا قبیلہ بہتر زندگی کی امید کر رہا تھا اور اس نے ایک نئے ملک میں ہجرت کرنے کا فیصلہ کیا۔ تاہم، یہ سفر آسان نہیں تھا۔ انہیں ایک بڑے صحرا کو پیدل عبور کرنا پڑا۔ وہاں سانپ، بچھو اور تیز گرمی تھی۔ اگر قبیلہ کے بیمار یا کمزور لوگ قافلے سے پیچھے رہ جاتے تو ان پر ڈاکو حملہ آور ہو جاتے۔

جلد ہی ان کا کھانا ختم ہو گیا، لیکن ان کے رہنما نے خدا سے معجزے کے لئے پکارا۔ اگلی صبُح جب لوگ بیدار ہوئےتوانہیں روٹی کی طرح زمین پر بکھرے ہوئے کسی چیز کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ملے۔ اس کا ذائقہ مزیدار تھا، جیسے شہد کے ساتھ ویفر۔ اور ہر ایک کے لیے اپنی بھوک مٹانے کے لیے کافی تھا! صحرا کو عبور کرنے میں کئی دن لگے اور ہر روز آسمان سے روٹی برستی تھی۔ خدا کی حمد، وہ بچ گئے تھے!

یہ کہانی حیران کن لگ سکتی ہے لیکن واقعی ایسا ہوا تھا۔ بائبل میں بتائے گئے بہت سے معجزات میں سے یہ ایک ہے، جسے آپ تورات، زبور اور انجیل کے ناموں سے جان سکتے ہیں۔ بائبل میں سیکڑوں سچی کہانیاں ہیں، جن میں سے اکثر ان معجزات پر مبنی ہیں جو خدا نے لوگوں کی زندگیوں میں انجام دئے۔ یہ ہمارے دور کے لیے ایک اہم کتاب ہے، جب بہت سے لوگوں کو اپنے ہی معجزات کی ضرورت ہوتی ہے۔

## جدید دور کے معجزات

حالیہ برسوں میں، ہم نے خانہ جنگیاں، انقلابات، معاشی تباہی، بے روزگاری، متعدی بیماریاں اور موت دیکھی ہے۔ میں یقین سے نہیں کہہ سکتا ہوں کہ آپ کی صورتحال اس وقت کیا ہے۔ آپ کو اپنے ہی گھر سے بے دخل کیا جا سکتا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ آپ کا کوئی پیارا زندگی اور موت کے درمیان ترازو میں لٹکا ہوا ہو۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کو نوکری تلاش کرنے میں دشواری کا سامنا ہو۔

آپ کی صورت حال کچھ بھی ہو، خُدا آپ کا خیال رکھتا ہے اور آج آپ کے لیے ایک معجزہ کرنے کے لیے بالکل اسی طرح تیار ہے جیسا کہ وہ قدیم زمانے میں تھا۔ جب آپ غمگین ہوتے ہیں، توآپ معجزات کی کتاب، انجیل کو پڑھ کر حوصلہ پا سکتے ہیں۔

## ہمارے وقت کے لیے خدا کا کلام

بعض لوگ بائبل کو پڑھنےمیں تذبذب کا شکار ہیں، کیونکہ انھوں نے سنا ہے کہ یہ کسی طرح تبدیل ہو چکی ہے۔ شاید یہ غلط فہمی ان بہت سے لوگوں کے طرز زندگی کی وجہ سے ہے جو بائبل پرعمل کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ بعض اوقات ہم مسیحیوں کو شراب پیتے، جوا کھیلتے، بے حیائی سے کپڑے پہنتے، خنزیر کا گوشت کھاتے اور لوگوں کے ساتھ ناروا سلوک کرتے دیکھتے ہیں۔

## خُدا اپنے کلام کی حفاظت کے لیے کافی عظیم ہے۔

لیکن درحقیقت، بائبل میں ان تمام غلطیوں کی مذمت کی گئی ہے۔ جب مسیحی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں زندگی گذارتے ہیں، تو اس سے اُس کے ابدی کلام کی صداقت تبدیل نہیں ہوَتی ہے۔ یسعیاہ نبی نے لکھا، "ہاں گھاس مرجھاتی ہے، پھول کملاتا ہے، پر ہمارے خُداکا کلام اب تک قائم ہے" (یسعیاہ ۴۰:۸)۔ کیا آپ کو لگتا ہے کہ انسان خدا کے کلام کو تبدیل کرنے کے لیے کافی طاقت ور ہیں، یا اس بات کا زیادہ امکان ہے کہ وہ اسے صرف برے رویے سے غلط بیان کر رہے ہیں؟

بائبل اس وقت کے بارے میں بتاتی ہے جب داؤد نبی اور اس کے لوگ عہد کے صندوق کو منتقل کر رہے تھے، ایک بڑا سنہری صندوق جس میں دس احکام تھے۔ دس احکام اخلاقی زندگی کے لیے اللہ تعالیٰ کے قوانین تھے اور پتھر کی دو بڑی تختیوں پر لکھے گئے تھے اور سنہری صندوق کے اندر رکھے گئے تھے۔ جلوس میں، ایک آدمی نے ہاتھ بڑھا کرمُقدّس صندوق کو چھونے کی ہمت کی—اور وہ فوراً مر گیا!

اگر خدا گستاخ ہاتھوں کو اس پاک صندوق کو چھونے کی اجازت نہیں دیتا جس میں اس کا کلام تھا، تو وہ بدکار لوگوں کو قینچی اور اصلاحی قلم کے ساتھ اپنے لکھے ہُوئے کلام تک پہنچنے کی کتنی کم اجازت دے گا؟ خُدا اپنے کلام کی حفاظت کے لیے کافی عظیم ہے۔

معروضی طور پر، بائبل انسانی تاریخ میں سب سے زیادہ تصدیق شدہ کتاب ہے۔ کچھ عرصہ قبل، فلسطین میں تین بدو چرواہوں—محمد ایذ ذیب، جمعہ محمد اور خلیل موسی—نے اتفاقی طور پر بحیرہ مردار کے طومار دریافت کر لیے تھے۔ آثار قدیمہ کی یہ ایک اہم دریافت تھی جس نے ہمیں آج کی بائبل کا موازنہ قدیم الہامی صحیفوں کے مخطوطات سے کرنے کی اجازت دی جو تقریباً ۲,۰۰۰ سال پرانے ہیں۔ میچ حیران کن ہے، ایک بار پھر اس حقیقت کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ خدا کے انکشافات کو تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔ اگر آپ کو کسی معجزے کی ضرورت ہے، تو آپ یقین کر سکتے ہیں کہ بائبل ایک قابل اعتبار جگہ ہے! یہاں آپ کوحضرت نوح، حضرت ابراہیم، حضرت یوسف، حضرت یوناہ (یونس)، حضرت دانی ایل، حضرت داؤد اورحضرت سلیمان جیسےانبیاء کے بارے میں حیرت انگیز کہانیاں ملیں گی۔ آپ نے دوسری جگہوں پر ان کے بارے میں کچھ باتیں سنی ہوں گی، لیکن بائبل مُقدّس پوری کہانی بیان کرتی ہے!